الحمد للّٰہ رب العلمین و الصلوۃ و السلام علی سید المرسلین
اما بعد فاعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

# MCQ'S

OF 40%

## جامعة المدينة

مال روڈ لاہور

مضمون : قدوری شریف

استاد محترم : مولانا عبد القیوم مدنی

# کتاب النکاح

1 مسلمانوں کا نکاح ------گواہوں کی موجودگی میں منعقد ہو گا؟

ا دو | ب ایک | ج چار

2 مسلمان مرد نے ذمیہ عورت سے دو مسلم گواہوں کی موجودگی میں نکاح کیا تو یہ---------- کے نزدیک جائز ہے؟

ا امام اعظم | ب امام محمد | ج طرفین

3 مرد کا اپنی زوجہ کی بیٹی سے نکاح کرنا ------- ہے؟

ا جائز | ب ناجائز | ج مکروہ

4 امام اعظم علیہ الرحمۃ کے نزدیک آزاد عاقلہ بالغہ کا نکاح صرف اس کی اجازت سےمنعقد -----؟

ا ہو جائے گا | ب نہیں ہو گا | ج موقوف ہو گا

5 کفو میں -------چیزوں کا اعتبار کیا جاتا ہے؟

ا 2

ب 4

ج 3

6 صغیر و صغیرہ کا نکاح باپ یا دادا نے کر دیا تو بعد بلوغت اختیار -----؟

ا نہیں ہوگا

ب ہوگا

ج دونوں درست

7 متعہ کہتے ہیں؟

ا ایک کپڑے کو

ب دو کپڑوں کو

ج تین کپڑوں کو

8 مہر کی کم سے کم مقدار ہے؟

ا پانچ درہم

ب دس درہم

ج بارہ درہم

9 مرد نے بغیر مہر بیان کئے نکاح کر لیا تو عورت کو ملے گا؟

ا کچھ بھی نہیں

ب مہر مثل

ج نصف مہر

10 عقد کے بعد شوہر نے مہر میں اضافہ کیا تو لازم آئے گا؟

ا) اصل مہر مع زیادتی
ب) اصل مہر
ج) دس درہم

11 مرد نے عورت سے کسی شرط پہ نکاح کیا تو شرط پوری کرنے پر عورت کو ملے گا؟

ا) مسمی
ب) مہر مثل
ج) کچھ بھی نہیں

12 اگر عورت نے مہر میں کمی کی تو یہ کمی کرنا ہے؟

ا) نا جائز
ب) صحیح
ج) مکروہ

13 عورت کے مہر میں اگر تعلیم قرآن کو مہر بنایا تو عورت کو ملے گا؟

ا) مہر مثل
ب) تعلیم قرآن
ج) کچھ بھی نہیں

14 جس مجنونہ عورت کا باپ اور بیٹا موجود ہو تو ولی بیٹا ہو گا؟

ا) عند شیخین
ب) امام محمد
ج) امام مالک

15 لونڈی نے مولا کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو اس کا نکاح ہو گا؟

ا فاسد

ب موقوف

ج باطل

16 اگر قاضی نے نکاح فاسد میں زوجین کے درمیان تفریق کر دی تو عورت کو مہر ملے گا جبکہ -----؟

ا صحبت کر لی

ب صحبت نہ کی

ج دونوں درست

17 مہر مثل میں دونوں عورتوں کا کتنی چیزوں میں برابر ہونے کا اعتبار کیا جاتا ہے ؟

ا 6

ب 7

ج 8

18 آزاد عورت سے نکاح ہوتے ہوئے لونڈی سے نکاح کرنا -----ہے؟

ا خلاف اولی

ب ناجائز

ج مکروہ

19 کسی نے ایک عقد میں ایسی دو عورتوں سے نکاح کیا جن میں سے ایک کے ساتھ نکاح حلال نہیں ، تو کس عورت سے نکاح درست ہو گا ؟

ا جس کے ساتھ نکاح حلال نہیں

ب جس کے ساتھ نکاح حلال ہے

ج کسی سے بھی نہیں

20 زوجہ میں عیب ہو تو شوہر کو خیار------ ؟

(ا) نہیں ہو گا
(ب) ہو گا
(ج) خیار عیب حاصل ہو گا

21 اگر شوہر میں عیب ہو تو عورت کو خیار حاصل نہیں ہو گا - عند ------- ؟

(ا) شیخین
(ب) طرفین
(ج) صاحبین

22 اگر شوہر عنین ہو تو حاکم ------- عرصہ تک علاج کی مہلت دے گا ؟

(ا) چھ ماہ
(ب) ایک سال
(ج) دو سال

23 اگر شوہر مجبوب ہو تو قاضی مہلت ------ گا ؟

(ا) نہیں
(ب) دے
(ج) دونوں درست

24 اگر عورت مسلمان ہوگئی ، شوہر کافر رہا اور اسلام لانے سے انکار کر دیا
تو یہ طلاق بائنہ ہو گی ؟

(ا) عندطرفین
(ب) عند صاحبین
(ج) عند امام مالک

25 اگر کوئی عورت دارالحرب میں اسلام لائی، تو فرقت واقع نہیں ہو گی جبکہ ؟

ا تین حیض گزر جائیں
ب دو حیض گزر جائیں
ج چار حیض گزر جائیں

26 جب کافر نے بغیر گواہوں کے نکاح کیا اور یہ ان کے دین میں جائز تھا
پھر ان دونوں نے اسلام قبول کر لیا تو اسلام کے بعد ان کا نکاح ؟

ا باطل ہوگیا
ب فاسد ہوگیا
ج باقی رہے گا

# کتاب الرضاع

27 امام اعظم کے نزدیک مدت رضاعت ہے؟

ا تیس ماہ
ب بارہ ماہ
ج بیس ماہ

28 صاحبین کے نزدیک مدت رضاعت ہے ؟

ا ایک سال
ب دو سال
ج تین سال

**29** رضاعت ثابت ہو گی دو مردوں کی گواہی سے یا ایک مرد اور --------- کی گواہی سے ؟

ا) دو عورتوں
ب) تین عورتوں
ج) ایک عورت

**30** جب عورت اور بکری کا دودھ مل جائے تو حرمت رضاعت اس وقت ثابت ہو گی جب غالب ہو گا ؟

ا) عورت کا دودھ
ب) بکری کا دودھ
ج) دونوں کا دودھ

**31** جب دو عورتوں کا دودھ مل جائے تو کس سے حرمت رضاعت ثابت ہو گی ؟

ا) رضاعت ثابت نہیں ہو گی
ب) جسکا دودھ زیادہ تھا
ج) دونوں سے

**32** مردہ عورت کا دودھ اگر بچے کو پلایا تو حرمت رضاعت ؟

ا) ثابت ہو گی
ب) نہیں ہو گی
ج) یہ مسئلہ مختلفی ہے

**33** باکرہ عورت کو دودھ اتر آیا اور اس نے بچے کو دودھ پلایا تو حرمت رضاعت ثابت ہو گی؟

ا) نص کی وجہ سے
ب) سنت کی وجہ سے
ج) قیاس کی وجہ سے

# کتاب الطلاق

34 اگر کوئی اپنی بیوی کو ایسے طہر میں ایک طلاق دے جس میں اس نے وطی نہیں کی تو یہ ہو گی ؟

ا) طلاق احسن
ب) طلاق سنت
ج) طلاق بدعت

35 مدخول بھا کو تین طہر میں تین طلاقیں دیں ، تو یہ ہو گی ؟

ا) طلاق بدعت
ب) طلاق احسن
ج) طلاق سنت

36 ایک ہی کلمہ کے ساتھ تین طلاقیں دیں تو یہ ہو گی؟

ا) طلاق احسن
ب) طلاق بدعت
ج) طلاق سنت

37 السنۃ فی الطلاق ----- کی اقسام ہیں ؟

ا) ایک
ب) دو
ج) تین

38 بچے و سونے والے شخص اور مجنون کی طلاق --------؟

ا) واقع نہیں ہو گی
ب) واقع ہو گی
ج) موقوف ہو گی

39 کنایہ کے وہ کتنے الفاظ ہیں جن سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے؟

ا) 3
ب) 2
ج) 4

40 طلاق کی الفاظ کے اعتبار سے اقسام ہیں؟

ا) تین
ب) دو
ج) چار

41 مرد نے طلاق کی نسبت عورت کے کسی جزء شائع کی طرف کی تو طلاق ------؟

ا) واقع ہو جائے گی
ب) نہیں ہو گی
ج) موقوف ہو گی

42 گونگے کی طلاق ہو گی؟

ا) بالاشارہ
ب) لکھنے کے ساتھ
ج) دونوں کے ساتھ

43 وہ شرائط جن کا تعلق عورت کے ساتھ ہو ان میں قول معتبر ہو گا ؟

ا مرد کا | ب عورت کا | ج دونوں کا

44 آزاد عورت پر تین طلاقیں واقع ہوں گی جبکہ اس کا شوہر ------؟

ا آزاد ہو یا غلام | ب آزاد ہو | ج غلام ہو

45 شوہر نے اپنی زوجہ سے کہا تو خود کو طلاق دے ، تو عورت کو کب تک طلاق کا اختیار ہو گا ؟

ا ایک سال تک | ب دو سال تک | ج اپنی مجلس میں ہونے تک

46 جب شوہر نے عورت کو اس کے نفس پر اختیار دیا اور عورت نے اپنے آپ کو اختیار کیا تو یہ طلاق ہو گی ؟

ا رجعی | ب بائنہ | ج مغلظہ

47 مرد نے اپنی عورت کو "انت طالق ان شاء اللہ" متصلاً کہا تو یہ طلاق ہو گی ؟

ا رجعی | ب بائنہ | ج طلاق واقع نہیں ہو گی

48 اگر کسی نے اپنی زوجہ سے کہا (انت طالق بمکۃ) تجھے مکہ میں طلاق تو طلاق واقع ہو گی ؟

ا فورا

ب مکہ ہی میں

ج طلاق واقع نہیں ہو گی

49 شوہر نے بیوی سے کہا تجھے کل طلاق ہو ، تو طلاق واقع ہو گی ؟

ا کل

ب فی الحال

ج فجر طلوع ہوتے ہی

# كتاب الرجعة

50 رجعت کی اقسام ہیں؟

ا) 2
ب) 1
ج) 3

51 رجوع پر دو گواہ بنانا ہے؟

ا) واجب
ب) مستحب
ج) فرض

52 شوہر نے کہا میں نے تجھ سے رجوع کیا۔ بیوی نے جواباً کہا میری عدت تو گزر گئی۔ رجوع کن کے نزدیک درست نہیں؟

ا) امام محمد
ب) امام یوسف
ج) امام اعظم

53 قریب البلوغ بچہ حلالہ کرنے میں-----کے قائم مقام ہے؟

ا) بالغ
ب) نابالغ
ج) آزاد

54 طلاق رجعی میں شوہر بیوی سے رجوع کر سکتا ہے۔ جبکہ زوجہ ؟

ا) راضی ہو یا نا ہو
ب) راضی نہ ہو
ج) راضی ہو

55 حلالے کے بعد شوہر اول------- طلاقوں کا مالک ہو گا؟

ا) 1
ب) 3
ج) 2

# کتاب الایلاء

56 ایلاء کا لغوی معنی ہے؟

ا) قسم
ب) رجوع
ج) جزاء

57 ایلاء کی اقسام ہیں؟

ا) 1
ب) 2
ج) 3

58 ایلاء کی صورت میں -------طلاق واقع ہو گی؟

ا بائنہ | ب رجعی | ج مغلظہ

59 لونڈی کے ایلاء کی مدت ہے؟

ا دو ماہ | ب ایک ماہ | ج تین ماہ

60 اگر مولی جماع پر قادر نہ ہو تو اسکے ایلاء کی صورت ہو گی؟

ا بالفعل | ب بالسان | ج ان میں سے کوئی نہیں

61 اگر کسی نے اپنی بیوی کو " اَنتِ علیّ حرام " کہا تو اس سے سوال ہو گا؟

ا نیت کا | ب حرام کہنے کا | ج ان میں سے کوی نہیں

62 اگر کسی نے اپنی بیوی کو " اَنتِ علیّ حرام "طلاق کے ارادہ سے کہا ۔
تو -----طلاق واقع ہو گی؟

ا بائنہ | ب رجعی | ج مغلظہ

63 اگر شوہر نے اپنی بیوی کو " اَنتِ علیّ حرام " تین طلاقِ بائنہ کے ارادہ سے کہا۔ تو کتنی طلاقِ بائنہ واقع ہوں گی؟

ا) 1
ب) 3
ج) 2

# کتاب الخلع

64 خلع کا لغوی معنی ہے؟

ا) قسم
ب) ازالہ
ج) نکاح کرنا

65 اگر بیوی نے باطل شے پر خلع کیا مثلا " شراب " تو شوہر کو ------ملے گا؟

ا) شراب
ب) شراب کی قیمت
ج) کچھ بھی نہیں

66 خلع میں باطل عوض ذکر کرنے سے ---- طلاق واقع ہو گی؟

ا) رجعی
ب) بائنہ
ج) مغلظہ

67 خلع اور مباراۃ وہ حقوق ساقط کریں گے جن کا تعلق --------کے ساتھ ہو؟

ا نکاح
ب حقوق اللہ
ج حقوق العباد

# کتاب الظھار

68 جب کسی شخص نے اپنی زوجہ کو ( انتِ علیّ کَظھرِ امی ) کہا۔
تو اس سے وطی کرنا ------ہے؟

ا حلال
ب حرام
ج مکروہ تحریمی

69 اگر مظاھر نے کفارے سے قبل وطی کر لی تو اس پر لازم ہے؟

ا پہلے والا کفارہ
ب دس دینار
ج دو کفارے

70 ظہار ہو سکتا ہے؟

ا صرف زوجہ سے
ب صرف لونڈی سے
ج ان میں سے کوئی نہیں

71 اگر شوہر نے اپنی بیوی کو کہا تیرا سر یا چہرہ مجھ پر میری ماں جیسا ہے تو -----ہوگا؟

| | | |
|---|---|---|
| ا ظہار نہیں | ب ظہار | ج کفارہ |

72 اگر شوہر نے اپنی بیوی کو کہا تو مجھ پر میری ماں کی مثل ہے تو ----- ہوگا؟

| | | |
|---|---|---|
| ا ظہار | ب جھوٹ | ج نیت کا اعتبار |

73 کفارہ ظہار میں ----- غلام کفایت کرے گا؟

| | | |
|---|---|---|
| ا مسلم | ب کافر | ج دونوں |

74 اگر غلام نے ظہار کر لیا تو اس کے لئے کفارہ ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| ا صرف غلام آزاد کرنا | ب صرف روزے رکھنا | ج صرف مساکین کا کھانا |

75 اگر کسی نے ایک مسکین کو ایک ہی دن میں ساٹھ مساکین کا کھانا دے دیا تو کتنے دنوں سے کفایت کرے گا؟

| | | |
|---|---|---|
| ا تمام دنوں سے | ب ایک دن سے | ج کسی سے بھی نہیں |

# کتاب العان

**76** لعان کا لغوی معنی ہے؟

ا) اعلان کرنا
ب) باہم لعنت کرنا
ج) صلح کرنا

**77** اگر کسی شخص نے نسب کی نفی کر دی تو اس شخص پر لعان ہو گا بشرطیکہ؟

ا) بچہ مطالبہ کرے
ب) عورت اس کا مطالبہ کرے
ج) شوہر مطالبہ کرے

**78** اگر کافر نے اپنی زوجہ پر زنا کی تہمت لگائی تو اس پر----- لازم ہو گی؟

ا) حد
ب) لعان
ج) کفارہ

**79** اگر شوہر اہل شہادت سے ہو اور عورت لونڈی یا کافرہ ہو تو زنا کی تہمت سے لازم ہو گی؟

ا) حد
ب) لعان
ج) ان میں سے کوئی نہیں

80 لعان کی صورت میں فرقت ہو گی؟

ا رجعی
ب طلاق بائنہ عند طرفین
ج حرمت مؤبدہ عند امام یوسف

# كتاب العدة

81 اگر طلاق رجعی میں لونڈی کو آزاد کر دیا تو اس کی عدت ہو گی؟

ا لونڈی والی
ب آزاد عورت والی
ج ان میں سے کوئی نہیں

82 اگر کسی نے حیض کی حالت میں طلاق دی تو یہ ہے؟

ا جائز
ب نا جائز
ج کچھ بھی نہیں

83 کن دو عورتوں پر سوگ لازم ہے؟

ا بائنہ اور رجعی والی پر
ب مبتوتہ اور متوفی عنھا زوجھا پر
ج رجعی والی اور متوفی عنھا زوجھا پر

**84** کن دو عورتوں پر سوگ نہیں؟

(ا) کافرہ اور نابالغہ پر
(ب) کافرہ اور لونڈی پر
(ج) آزاد اور لونڈی پر

**85** جس عورت کا شوہر مر گیا اس کو دن اور رات کے کچھ حصے میں شوہر کے گھر سے نکلنا------- ہے؟

(ا) ناجائز
(ب) جائز
(ج) مباح

**86** حاملہ عورت کی عدت ہے؟

(ا) دو حیض
(ب) وضع حمل
(ج) کوئی نہیں

**87** آزاد عورت کا شوہر فوت ہو جائے تو اس کی عدت ہو گی؟

(ا) چار ماہ دس دن
(ب) چار ماہ
(ج) تین حیض

**88** جس عورت کو حیض نہ آتا ہو اس کی عدت ہے؟

(ا) ایک ماہ
(ب) دو ماہ
(ج) تین ماہ

# کتاب النفقات

89 اگر زوجہ کافرہ ہو تو نفقہ -----ہے ؟

ا واجب
ب مباح
ج مستحب

90 ہر وہ فرقت جو عورت کی جانب سے بطور معصیت ہو اس میں نفقہ؟

ا گزشتہ دنوں کا ملے گا
ب ملے گا
ج نہیں ملے گا

91 زوجہ کے نفقہ میں شریک ہو گا؟

ا باپ
ب شوہر
ج ماں